سوال

(152)گستاخ رسول کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سلمان رشدی اوراس کی کتاب کے متعلق آپ کی کیارائے ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میں نے اس کی کتاب نہیں پڑھی لیکن مختلف رسائل وجرائد میں اس کے کچھ اقتباسات پڑھے ہیں جیسے الاعتصام وغیرہ میں ،اس خبیث نے شان رسالت ،قرآن ،اسلام اوراہل اسلام کے متعلق جو بکواسات کی ہیں ایک خوف الہی رکھنے والے انسان کے رونگٹے کھڑے کردینے کےلیے کافی ہے ،اللہ کی قسم !اس کی اس خبیث حرکت پر ہمیں متحد ہونا چاہیے اوردینی حمیت اورغیرت کا مظاہرہ کرنا چاہیے اوراس کے خلاف ہر طرح سے آواز بلند کرنی چاہیے اوراس کی حرکت خبیثہ کوعام کیا جائے تاکہ اس کا سدباب ہوسکے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 548

محدث فتویٰ